CHILDREN'S AID SOCIETY of TORONTO

LA SOCIÉTÉ DE L'AIDE à L'ENFANCE DE TORONTO

بچے سی اے ایس (CAS) نگہداشت میں کیسے اور کیوں داخل ہوتے ہیں

اونٹاریو میں بچے کے ساتھ بد سلوکی، جسے بچے کے ساتھ ناروا سلوک اور بچےکو نظر انداز کرنا بھی کہا جاتا ہے، کی اطلاعات کے بارے میں تفتیشیں کرنے کی ذمہ دار چلڈرنز ایڈ سوسائٹیز (سی اے ایس) [Children's aid societies (CAS)] ہیں- کینیڈا میں، بچے سے بد سلوکی کو عام طور پر کسی بھی ایسے 16 سال سے کم عمر بچے سے منسوب کیا جاتا ہے جو محفوظ نہ ہو کیونکہ اسے نقصان پہنچنے کا خطرہ لاحق ہوتا ہے یا جنہیں ان کے والدین یا دیکھ بھال فراہم کرنے والے افراد سے نقصان پہنچ چکا ہوتا ہے- ہماری ایجنسی روزانہ بچے کی کمیونٹی میں حفاظت سے متعلقہ تشویش کی 120 سے زائد کالیں موصول کرتی ہے- بچے کی حفاظت سے متعلقہ کالیں مندرجہ ذیل زمروں میں آتی ہیں: گھریلو تشدد سے متعلقہ (35%)، جسمانی، جذباتی، یا جنسی تشدد کے شک و شبے کی (25%)، نشہ آور چیزوں کے بے جا استعمال یا دماغی صحت کے مسائل سے نبرد آزما والدین کیلئے یہ مسائل بچوں کی دیکھ بھال کرنے کی قابلیت میں مداخلت کا باعث بنتے ہیں (20%)، بچےکو نظر انداز کرنا (15%)، اور ماں یا باپ اور نو جوان بچے کے مابین اختلاف جس کے باعث بچے کو خطرہ لاحق ہو یا ماں یا باپ اپنے بچے کو محفوظ نہ رکھ سکتے ہوں کیونکہ بچے کے اپنے طور طریقے اس کے خطرے کا باعث ہیں (5%)، کوئی بھی ایسا فرد جس نے کسی بچے یا نوجوان کی جانب سے کال کی ہو تو اس کیلئے - آپ کا شکریہ- آپ اس گاؤں کا اہم حصہ ہیں جس کی ایک بچے کی پرورش کیلئے ضرورت ہوتی ہے-

سی اے ایس کو کی جانے والی تقریباً 80 فیصد کالیں جن پر تفتیش کی جاتی ہے وہ 'پیشہ ورانہ کام کرنے والوں' کی جانب سے موصول ہوتی ہیں، جس میں اساتذہ، پولیس، ڈاکٹر اور ڈے کیئر بھی شامل ہیں- باقی 20 فیصد عام طور پر ہمسایوں، خاندان، دوستوں یا نامعلوم ذرائع کی جانب سے موصول ہوتی ہیں- ہمیں معلوم ہے کہ یہ کالیں کرنا لوگوں کیلئے آسان نہیں ہوتا، تاہم یہ حقیقت ہے کہ کالوں کی جو تعداد ہمیں موصول ہوتی ہے اس سے ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ ٹورانٹو کے شہری اور پیشہ ورانہ لوگ اپنے بچوں کی حفاظت اور دیکھ بھال کے بارے میں بہت زیادہ پروا کرتے ہیں-

جب کال موصول کی جاتی ہے تو اس کی چھان بین بچے کی فلاح و بہبود کے کم سے کم دو تربیت یافتہ ماہرین کرتے ہیں- وہ ماہرین صوبائی سطح پر مقررہ معیاری اصولوں کے مطابق سنتے اور ایسے مخصوص سوالات پوچھتے ہیں جن سے انہیں اس بات کا تعین کرنے میں مدد ملتی ہے کہ بچے کو کس حد تک خطرہ لاحق ہے اور آیا حفاظتی تفتیش کی ضرورت ہے- خطرےکی شدت کے مطابق، اگر بچے کو نقصان پہنچ چکا ہے تو کالوں کو 'فوری' تحقیق کے طور پر کوڈ کیا جاتا ہے (12 گھنٹوں کے اندر اندر)، یا اگر بچے کو نقصان پہنچنے کا خطرہ لاحق ہے تو 7 دن کے اندر اندر کے طور پر کوڈ کیا جاتا ہے-

2014ء میں، ٹورانٹو کی سی اے ایس نے 7,052 تفتیشیں مکمل کیں- تقریباً 2,300 بچے، یا جن کی تعداد 92 کلاسوں کے بچوں کے برابر بنتی ہے، وہ بچے کے ساتھ بدسلوکی کی تعریف پر عین پورے اترے تھے یا اپنے ماں یا باپ یا دیکھ بھال فراہم کرنے والے فرد کی طرف سے نقصان کے خطرے میں تھے- عوام کا یہ خیال ہے کہ سی اے ایس جن بچوں کے بارے میں تفتیشیں کرتی ہے وہ انہیں اپنی دیکھ بھال میں لے لیتی ہے- حقیقت یہ ہے کہ ماسوائےکیوبیک (Quebec) کے، اونٹاریو میں بچوں کو اپنی دیکھ بھال میں لینے کی شرح سب سے کم 3 فیصد ہے- اس کا مطلب یہ ہے کہ سی اے ایس نے جن کیسوں پر تفتیشیں کی تھیں ان میں سے 97 فیصد کیسوں میں، بچہ اپنے خاندان کے ساتھ ہی رہتا ہے اور اس کی حفاظت کا اطمینان کرنے کیلئے منصوبہ تشکیل دیا جاتا ہے- ہر سی اے ایس اس حصے میں مزید بہتری کیلئے سخت محنت کر رہی ہے اور اس کامیابی کے حصول میں اہم شراکت دار بچے کے رشتہ داروں اور دوستوں کا قریبی دائرہ ہے- دادا/دادی، نانا/نانی، آنٹیاں اور انکل، کزن اور یہاں تک کے بڑے بہن بھائی بھی (جسے قرابت داری والی دیکھ بھال کہا جاتا ہے)، اور اس کے ساتھ ساتھ کوچ، اساتذہ اور ہمسائے (جسے واقف کاری والی دیکھ بھال کہا جاتا ہے) جو بچے کو جانتے ہیں اور جو اس بچے کو دیکھ بھال فراہم کرنے کی پیشکش کیلئے پیش قدمی کرتے ہیں، چاہے وہ قلیل یا طویل مدت کیلئے ہو- بچوں اور نوجوانوں کو ان کے خاندان اور ان کی کمیونٹیوں میں ہی رکھنے میں مدد کیلئے ٹورانٹو میں ہمیں ان قرابت داری اور واقف کاری والے تعلقات کی اشد ضرورت ہے-

بچہ جب سی اے ایس کی دیکھ بھال میں داخل ہوتا ہے تو ترجیحی انتخاب ہمیشہ خاندان کے ذریعے فراہم کی جانے والی دیکھ بھال ہی ہوتا ہے، جس میں پرورش کرنے والے خاندان (foster families) بھی شامل ہیں- پرورش کرنے والے خاندان اس گاؤں کا ضروری حصہ ہیں جو اس صورت میں جب بچے اپنے خاندان کے ساتھ نہیں رہ سکتے تو ہمارے بچوں کی دیکھ بھال کی فراہمی میں مدد کرتے ہیں- ٹورانٹو میں ہمارے پاس پرورش کرنے والے خاندانوں کی کمی ہے- اس کا مطلب یہ ہےکہ ہماری دیکھ بھال میں موجود بچوں کی ایک بڑی تعداد کا، شہر سے باہر دوسرے گھروں میں رہائش کا بندوبست کیا جائے گا - اپنے خاندان، کمیونٹی اور کچھ صورتوں میں اپنی ثقافت سے دور کیوں کہ ٹورانٹو میں پرورش کرنے والے خاندانوں، قرابت داری یا واقف کاری والی دیکھ بھال کا بندوبست موجود نہیں ہے- ہمارے لئے یہ ترجیحی حل نہیں ہے- دیکھ بھال میں موجود ٹورانٹو کے بچوں اور نوجوانوں کو ان کا اپنا گاؤں چاہیئے- براہِ مہربانی ٹورانٹو میں دیکھ بھال میں موجود بچے کیلئے پرورش کرنے والے، قرابت داری یا واقف کاری والے ماں باپ بننے پر غور کریں-